© rasailojaraid.com



تھانوی رحمتہ اللہ علیہ ایک خوش الحان قاری، کامیاب واعظ وخطیب، عالم باعمل اور بیدار سیاست دان تھے۔ زندگی کے تمام معاملات میں نہایت اعلیٰ ذوق کے مالک تھے۔ خطابت میں وہ اپنا منفرد انداز رکھتے تھے۔ شعر گوئی، شعرفہمی، برجستگی، حاضر جوابی اور شگفتگی میں اپنی مثال آپ تھے۔ زیرتبصرہ شمارہ سولہ ابواب پر مشتمل ہے۔ جن میں حضرت ممدوح کے بارے میں چھوٹی سے چھوٹی تحریری جزئیات کو بھی اکٹھا کر دیا گیا ہے۔ حضرت مولانا احتشام الحق تھانوی رحمہ اللہ کی شخصیت، کردار اور خدمات کے حوالے سے ایک خوبصورت تحفہ ہے۔ اللہ بھلا کرے مولانا تنویرالحق تھانوی اور اُن کے رفیق مولانا محمد صدیق ارکان کا جنہوں نے یہ گلدستہ ترتیب دیا ہے۔ رسالے کے آخر میں مرحوم کی رہائش، استعمال میں رہنے والی اشیاء، مدارس، لائبریری، مختلف عمارات کی تصاویر کا اضافہ بھی خوبصورت ہے۔

☆ ماہنامہ ''معراجِ انسانیت'' لاہور۔ مئی، جون ۲۰۰۵ء (''ختم نبوت نمبر'') چیف ایڈیٹر: ڈاکٹر آراے امتیاز

ضخامت: ۲۲۴ صفحات قیمت: ۱۰۰ روپے ملنے کا پتا: ۶۱۱' نظام بلاک' علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

اسی مادی والحادی دور میں جبکہ اپنوں میں دین کا شعور نہیں ہے اور غیر اس کمزوری سے فائدہ اٹھاتے ہوئے ہماری نوجوان نسل کے ذہنوں میں نقب لگا رہے ہیں۔ خاص طور پر قادیانی' یہود وہنود اور نصاریٰ کے ساتھ مل کر وطن عزیز میں جو کھیل کھیل رہے ہیں، مغربی ذہن رکھنے والے افراد کے گھروں میں اپنا لٹریچر پہنچا رہے ہیں۔ ملک کے کلیدی عہدوں پر براجمان ہیں اور لادین قوتیں ان کی پشت پناہی کر رہی ہیں۔ ایسے میں ضرورت ہے کہ زبان وقلم سے ہر اس فتنے کی بیخ کنی کی جائے جو اسلام کے درپے ہے۔ ماہنامہ ''معراجِ انسانیت'' نے مسلم اُمہ کو قادیانیوں کے بھیانک عزائم سے آگاہی کے لیے ''ختم نبوت نمبر'' شائع کیا ہے۔ یہ خصوصی شمارہ ردّ قادیانیت کے لٹریچر میں گراں قدر اضافہ ہے' جس میں مرزا قادیانی اور اس کی جماعت مزائیہ کے ردّ میں مختلف اہل قلم کی نگارشات شامل ہیں۔

☆ کتاب: مقامِ رسول ﷺ مؤلف: محمد اکرم کمبوہ

ضخامت: ۲۴۰ صفحات قیمت: ۱۲۰ صفحات ناشر: دارالکتاب۔ کتاب مارکیٹ' غزنی سٹریٹ اردو بازار لاہور

کتاب زیرنظر میں مولف نے بڑی عرق ریزی کے ساتھ مشاہیرِ اسلام اور مستشرقین کی تحریروں کے وہ اقتباسات یکجا کر دیئے ہیں' جنہوں نے کسی بھی رنگ میں رسولِ پاک ﷺ کی عظمت کو تسلیم کرتے ہوئے اُن کی تعریف کی ہے' ان میں مولانا اشرف علی تھانوی، مولانا ابوالکلام آزاد، چودھری افضل حق، شورش کاشمیری، سید عطاء اللہ شاہ بخاری، فانی بدایونی، نسیم حجازی، سید مناظر احسن گیلانی، شبلی نعمانی، پروفیسر حمید احمد خان کے ساتھ ساتھ سرولیم مور، جارج برنارڈ شا، نپولین بوناپاٹ، ٹالسٹائی، ڈاکٹر کلارک، ڈاکٹر آرنلڈ وزرتشت جیسی شخصیتوں کے نام قابل ذکر ہیں۔ کتاب خوبصورت ٹائٹل کے ساتھ شائع کی گئی ہے' پرنٹنگ معیاری ہے۔

---

© rasailojaraid.com